© rasailojaraid.com

مولانا محمد ابراہیم فانی

# تعارف و تبصرہ کتب

کتاب: ایضاح المقال فی رویۃ الھلال تصنیف: مولانا نور محمد وزیرستانی ترتیب: مولانا تاج محمد حقانی
ضخامت: ۷۰ صفحات ناشر: دارالعلوم وزیرستان وانا

.................................

رویت ہلال کے مسئلہ پر مختلف زبانوں میں کئی چھوٹی اور بڑی کتابیں معرض وجود میں آئی ہیں اور آج تک یہ سلسلہ جاری ہے مگر ہمارے یہاں پاکستان اور پھر بالخصوص صوبہ سرحد میں عیدالفطر اور رمضان کے موقع پر اس نے ایک تشویشناک صورتِ حال اختیار کی ہے اور نوبت یہاں تک آپہنچی ہے کہ تین تین دن تک عیدیں منائی جاتی ہے۔ ایک گاؤں میں ایک دن عید تو دوسرے گاؤں میں دوسرے دن عید بلکہ ایک ہی گاؤں اور قصبہ کے مختلف محلوں میں کہیں عید اور کہیں روزہ۔ اسی تناظر اور پس منظر میں مولانا نور محمد صاحب سابق ایم این اے وانا جنوبی وزیرستان نے اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے چنانچہ وہ تحریر فرماتے ہیں کہ ''...... دوران گفتگو مولانا فضل الرحمان صاحب نے فرمایا کہ میرا ارادہ ہے کہ صوبہ سرحد اور ملحقہ قبائلی علاقہ جات کے علماً کا ایک اجلاس مولانا نصیب علی شاہ صاحب کے مرکز اسلامی میں طلب کیا جائے تاکہ اس مسئلہ پر شرعی قواعد وضوابط کے تحت متفقہ موقف اختیار کیا جاسکے۔ اور اگر حکومت کو تجاویز دینے کی ضرورت محسوس کی گئی تو وہ بھی مرتب کی جاسکیں۔ مولانا صاحب نے تجویز پیش کی کہ مندرجہ ذیل موضوع پر تحقیق کی جائے کیا حاکم یا اس کا نائب یعنی قاضی یا مجاز علماء کی کمیٹی یا قاضی کے قائمقام عالم ثقہ (جہاں قاضی نہ ہو) کی موجودگی میں اس کے دائرہ اختیار یعنی حدود ولایت کے اندر کسی غیر مجاز کمیٹی کے علماء کو اجتماعاً یا انفرادی چاند نظر آنے کی شہادت لینے اور اس پر رمضان اور عید کے حکم عام کرنے کی شرعاً اجازت ہے ساتھ ہی مجھ سے یہ بھی فرمائش کی کہ آپ اس موضوع پر ٹھوس حقائق جمع کرلیں تاکہ مجوزہ میٹنگ میں اس پر بحث کی جاسکے۔ باوجود کم علمی کے میں نے یہ ذمہ داری قبول کرلی اور یہی وہ باعث ہے جس کے پیش نظر میں نے رسالہ ھذا کی تصنیف کے لئے قلم اٹھایا...... اس تالیف کی ابتداء میں بطور مقدمہ چند بنیادی اور فقہی نقطہ نگاہ سے متفق علیہ حقائق کا تذکرہ ضروری سمجھتا ہوں جس میں شرعی قاضی کی پہچان اس کے اختیارات اور متعلقہ امور شامل ہوں مفتی اور مطلق عالم کی وضاحت ہو فتویٰ دینے کی اہلیت کا تذکرہ ہو۔ نیز از روئے شریعت شہادت کی ادائیگی کے بھی شرائط اور خبر صادق کے بارے میں چند اصول قواعد کا احاطہ کیا گیا ہے یہ اس لئے کہ رویت ہلال اور عیدین کی بنیاد ہی یہی ہے۔'' اپنے موضوع پر تحقیق کے اعتبار سے کتاب انتہائی جامع معلومات افزاء اور مفید ہے جس میں اہم فتاویٰ کی کتابوں سے حوالہ جات پیش کئے گئے ہیں اور امید ہے عامۃ المسلمین کے ساتھ ساتھ اس کتاب سے علماء کے لئے بھی استفادہ کی کافی گنجائش موجود ہے بالخصوص ارباب افتاء کیلئے۔ زیرنظر کتاب کی ترتیب آپ کے فرزند مولانا تاج محمد حقانی نے دی ہے۔

© rasailojaraid.com